Overseas Pakistanis' Bungalows
Residents' Welfare Associations

سرکلر نمبر 022

بتاریخ: 27 جولائی 2018

## دوسرے جنرل باڈی اجلاس منعقدہ 22 جولائی 2018 کی کارروائی و تفصیلات

موجودہ ایسوسی ایشن کا دوسرا کامیاب جنرل باڈی اجلاس بروز اتوار بتاریخ 22 جولائی 2018 بمقام فیملی پارک بوقت 10:00 بجے شب منعقد کیا گیا۔ یہ اجلاس پہلی جنرل باڈی میٹنگ منعقدہ 22 اپریل 2018 اور ایسوسی ایشن کے سرکلر نمبر 12 بتاریخ 11-04-2018 کے فیصلے کی روشنی میں وقوع پذیر ہوا جس کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱) اجلاس کا آغاز 22 جولائی 2018 کی رات 10:20 پر تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا جس کی سعادت ہمارے معزز مکین ڈاکٹر دلشاد بیگ صاحب (D-17) کے ذریعے حاصل ہوئی۔

۲) جنرل سیکریٹری صاحب نے 22 اپریل 2018 اور 22 جولائی 2018 کے درمیانی عرصے کے دوران کیے گئے کاموں کی تفصیلات بتائیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

(الف) ابتدائی کلمات میں تمام حاضرین کو خوش آمدید کیا گیا اور ایک بار پھر اچھی تعداد میں لوگوں کی شرکت کو سراہا جو اس بار 91 تھی۔ سیکریٹری صاحب کا کہنا تھا کہ بلاشبہ یہ آپ لوگوں کی محبت اور سپورٹ کا نتیجہ ہے جو سارے کام بے حد شفافیت، نیک نیتی اور خدمت کے بھرپور جذبے کے تحت کیے جا رہے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہم نے پچھلی جنرل باڈی اجلاس میں آپ کو اس وقت تک کیے گئے تمام کاموں کی تفصیلات بذریعہ مکمل Persentation بتائیں تھیں اس کے بعد جو بھی کام ہوئے اس کی آگاہی واٹس ایپ اور نیوز لیٹر کے ذریعے دے دی گئی ہیں۔

(ب) ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ، ٹی وی کیبل اور فون کی سہولت اوورسیز بنگلوز میں بذریعہ سائبر نیٹ کی کمپنی Storm Fiber کی تفصیلات بتائیں گئی۔ موجودہ ایسوسی ایشن کا مینڈیٹ اور خواہش تھی کہ ہماری سوسائٹی میں ایک اچھا انٹرنیٹ، ٹی وی کیبل اور انٹرکام ہونا چاہیے تاکہ مکین نہ صرف آپس میں بلکہ دونوں گیٹ اور ایسوسی ایشن آفس سے جڑ سکیں جس کے لئے پہلے PABX پر غور کیا گیا اور جب یہ ممکن نہ ہو سکا تو Strom Fiber سے مذاکرات کر کے ان کی سروس کو اجازت دے دی گئی تاکہ مکینوں کو ایک اچھی سروس فراہم کی جا سکے اور موجودہ انٹرنیٹ، ٹی وی کیبل آپریٹر کے درمیان مقابلہ کی فضا بھی قائم کی جا سکے۔ جنرل سیکریٹری نے واضح کیا کہ Storm Fiber سے تین فری کنکشن لیے گئے ہیں جو گیٹ نمبر 1 اور 2 کے ساتھ ایسوسی ایشن آفس میں بھی لگائے گئے ہیں جس کی تفصیلات لوگوں کو بذریعہ سرکلر دے دی جائیں گی۔ اس کے ساتھ کمپنی اوورسیز میں 8 عدد کیمرے بھی لگائے گی۔

(پ) فیملی پارک کی ڈولپمنٹ کی تفصیلات بتائیں گئی کہ موجودہ جوگنگ ٹریک پر مٹی ڈلوا کر ہموار کیا گیا ہے۔ دونوں لان

اور ارد گرد کی کیاریوں میں کھاد ڈلوائی گئی ہے۔اس کے ساتھ ہمارے رہائشی جناب عبداللہ مشتاق (K-6) کے توسط سے مختلف اقسام کے درخت جن میں گلمو ہر،ٹرائنگر پام،رات کی رانی،املتس،نکلوما اور تبوبیا شامل ہیں لگائے گئے ہیں۔

(ت) K بلاک کے باہر کی چوکی پر دن کے اوقات کے لئے بھی ایک عدد چوکیدار نوکری پر رکھ لیا گیا ہے اور اس طرح اب رات و دن یعنی چوبیس گھنٹے چوکیداری نظام قائم کر دیا گیا ہے۔

(ٹ) H پارک میں پانی کے لئے ایک بورنگ کروانے کا ارادہ ہے تاکہ وہاں کی ہریالی کو اسی پانی سے برقرار رکھا جائے اس سلسلے میں کچھ فنڈ جمع کر لیے گئے ہیں اور باقی لوگوں سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ بھی اس کارِ خیر میں حصہ لیں۔

(ث) جنرل سیکریٹری صاحب نے لوگوں کو بتایا کہ مالی سال 2017 - 2018 کا آڈٹ شروع کرایا جائے گا جس کے لئے پچھلے سال کی آڈٹ کمپنی Tariq Abdul Ghani Maqbool and Co کو آڈیٹر Appoint کیا جا رہا ہے۔جنرل باڈی سے اس کی اجازت طلب کی گئی جس پر سب نے منظوری دے دی۔

(ج) ممبران کو آگاہ کیا گیا کہ ایسوسی ایشن کا موجودہ آئین فرسودہ (Out-dated) ہو چکا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ کافی عرصے سے تجدید نہ ہونے کی وجہ سے اب دوبارہ رجسٹر کروانا ہوگا۔اس سلسلے میں ایسوسی ایشن نے تین افراد سے درخواست کی ہے کہ وہ آئین میں تبدیلی سے متعلق اپنی رائے دیں جس میں شہامت علی شاہ صاحب (H-2) عبدالقدوس ہاشمی (C-4) اور قاضی تنویر احمد (Z-5/13) شامل ہیں۔جنرل سیکریٹری نے حاضرین سے بھی درخواست کی کہ وہ بھی اپنی رائے ایسوسی ایشن تک پہنچا دیں تاکہ ایک نیا آئین ترتیب دے کر جنرل باڈی سے منظوری کے بعد رجسٹر کروایا جا سکے۔

۳) آخر میں جنرل سیکریٹری اور صدر صاحب نے ماہانہ چندے میں ماہ جون 2018 سے اضافے کی منظوری کی درخواست پیش کی اور خزانچی صاحب نے حاضرین کو جون و جولائی کی آمدن کے بارے میں بتایا کہ تقریباً 90 فیصد لوگ 1300 روپے ماہانہ کے حساب سے کنٹری بیوشن دے رہے ہیں جبکہ 75% لوگ پہلے ہی اپنی رضامندی بڑھاوے کے لئے دے چکے تھے مگر پھر بھی یہ اضافہ جنرل باڈی سے باضابطہ منظور کرایا جا رہا ہے۔جس میں تمام حاضرین نے تالیاں بجائیں اور ایک زبان ہو کر 300 روپے کا اضافہ منظور کر لیا۔جن حضرات نے بڑھائی گئی رقم کی ادائیگی جنرل باڈی اجلاس کے ذریعے منظوری سے مشروط کرتے ہوئے ادائیگی کرنے سے گریز کیا تھا اُن سے گزارش ہے کہ وہ اب اپنے بقایاجات کے ساتھ ماہانہ چارجز کی ادائیگی فرما دیں۔

۴) D-15 کے رہائشی ڈاکٹر احمد علی اور A-9 کے رہائشی جناب اختر علی خان صاحب نے تجویز پیش کی کہ ایسوسی ایشن موجودہ مہنگائی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہر سال ماہانہ چارجز میں 10 فیصد کا اضافہ منظور کرے۔جس پر صدر شیخ

# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Associations

عبدالقدوس صاحب نے حاضرین کو بتایا کہ ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی پہلے ہی اس کی منظوری دے چکی ہے کہ جولائی 2019 سے ہر سال 100 روپے کا اضافہ خود بخود ہو جایا کرے گا اور کسی جنرل باڈی کی بار بار کی اجازت کی ضرورت نہیں ہوگی جس پر تمام کے تمام حاضرین نے اس کی اجازت دی۔ لہذا ہر سال جولائی میں جو ماہانہ کنٹری بیوشن وصول کی جائے گی اس میں 100 روپے کا اضافہ ہو جائے گا یعنی جولائی 2019 میں -/1400 روپے کے حساب سے پیسے لیے جائیں گے اور جولائی 2020 میں یہ -/1500 روپے ہو جائیں گے۔

۵) L-8 کے رہائشی حمیداللہ خان صاحب نے شکایت کی کہ L-18 کے مکین نے L بلاک کی گلی گھیر لی ہے جس کے لئے CBF کو کئی درخواستیں دی گئی ہیں مگر کچھ عمل نہیں ہوا لہذا ایسوسی ایشن اپنا کردار ادا کرے۔ جنرل سیکریٹری صاحب نے بتایا کہ L-18 کے مکین نے بھی ایک درخواست صدر صاحب کو دی ہے کہ انہوں نے گلی کو صاف کروایا ہے اور راستہ بند نہیں کیا گیا ہے لہذا ہم دونوں مکینوں کو کسی دن آمنے سامنے بٹھا دیں تا کہ معاملہ سلجھایا جاسکے۔

۶) H-27 کے رہائشی جناب جاوید متین صاحب اور E-17 کے جناب اقرار بیگ صاحب نے ایسوسی ایشن پر زور ڈالا کہ ڈیفالٹر حضرات کو کوئی رعایت نہیں دینی چاہیے اور گیٹ کا ڈنڈا بھی نہیں اٹھانا چاہیے جس پر مکینوں نے اپنی اپنی رائے دیں اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ ان مکینوں کو ایک نوٹس بھیجا جائے اس کے ساتھ جن مکینوں نے فالتو گاڑیاں کھڑی کی ہوئی ہیں انکو بھی نوٹس بھیجا جائے گا پھر اس کے خلاف درخواست ٹریفک اہل کاروں اور CBF کو بھیج دی جائے گی۔

۷) Z-5/7 کے رہائشی فرحان محبوب صاحب نے شکایت کی پچھلی جنرل باڈی میں فیصلہ ہوا تھا کہ ڈیفالٹر کی لسٹ شائع کی جائے گی وہ اب تک کیوں نہیں شائع کی گئی۔ جس پر ان کو جنرل سیکریٹری نے تسلی دی کہ جون کے گوشوارے کے ساتھ لسٹ چھاپی جائے گی اور پکے ڈیفالٹر کی لسٹ بھی شائع کی جائے گی۔

اس کے بعد جنرل باڈی کے حاضرین کی تواضع مشروب سے کی گئی اور اجلاس اختتام پذیر ہوگیا۔

جنرل باڈی اجلاس کی کارروائی کی تفصیل ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی سے منظوری کے بعد جاری کی جارہی ہے۔

شکریہ

27/07/2018

GENERAL SECRETARY
OVERSEAS PAKISTANI'S
BUNGALOWS RESIDENTS
WELFARE ASSOCIATION

منجانب! عہدداران وممبران